DAR UL IFTA JAMIA BINORIA SITE KARACHI PAKISTAN
Ph: 021 - 2560300 - Ext.: 286 | Mobile:03332212607
Web Site: www.onlinefatwa.com | Email:daruliifta@gmail.com

BINORIA International

S No: ========== 2086
Fatwa No: ===== 364-4
Date: ========== 25/2/2006

NAME :>> zeeshan
ADDRESS :>> leeds / uk
EMAIL :>> zeeshan.rao@gmail.com
SUBJECT :>> AQAID

QUESTION :>> Asalaoalikum mufti saab
can u kindly provide me the details of Aqaaaid & afkaar of Dr. Masood ud din Usmani . his Jamaaat is alo known as Tauheedi Group & Keemari wali Party or Hizbullah. what does ulemaa e deoband say aout him , plz provide me the complete details / fatwa & basis of fatwa given to him .
i will wait for urs response . plz respond as soon as possible
his website is www.emanekhalis.com
PS: plz do send me urs detail fatwa n opinion about this man / group at zeeshan.rao@gmail.com
Jazakallah khair

محترم جناب مفتی صاحب !
السلام علیکم -
کیا مہربانی کرکے آپ ڈاکٹر مسعود الدین عثمانی کے افکار و عقائد کے بارے میں تفصیل بتا سکتے ہیں ؟ ان کی جماعت ، توحید اور کیماڑی والا حزب اللہ گروہ کے نام سے مشہور ہے - علماء دیوبند کی ان کے بارے میں کیا رائے ہے اور براہ کرم اس بارے تفصیلی فتویٰ اور فتوی کی بنیاد سے آگاہ کریں - ان کی ویب سائٹ ، www.emanekhalis.com ہے براہ کرم اس شخص ، اس کی جماعت کے متعلق اپنی رائے سے آگاہ کریں

ذیشان - یو کے -

الجواب ــــــ حامداً و مصلیاً

مذکور فرقہ کے کچھ عقائد و افکار درج ذیل ہیں - ان کے نزدیک جو مسلمان ڈاکٹر مسعود الدین کا پیروکار نہ بنے وہ غیر مسلم ہے ، نہ اسکو سلام کرتے ہیں ، نہ اس کے پیچھے نماز پڑھتے ہیں ، نہ اس شخص کی نماز جنازہ پڑھتے ہیں ، نہ ان سے رشتہ کرتے ہیں - موصوف نے اپنی کتاب منہاج المسلمین میں لکھا ہے کہ ثابت ہوا کہ امام اللہ جل جلالہ بناتا ہے . لوگوں کا خود کسی کو منتخب کر کے امام بنا لینا اور اسی کی رائے اور فتویٰ پر چلتے رہنا اللہ تعالیٰ کے ساتھ شرکت ہے - یہ لوگ علماء حق اور دیگر اہل اسلام کو دائرہ اسلام سے خارج سمجھتے ہیں ، خدا اور رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے نافرمان ، اسلام اور اہل اسلام کے دشمن اور بدخواہ ہیں ، اجماع امت کو دلیل شرعی نہیں مانتے مجتہدین کو -

(جاری ہے)

شریعت ساز سمجھتے ہیں ۔ ان کے بارے میں ہمارے اور پورے پاکستان کے تمام اہل
فتوی علماء دیوبند و بریلوی اور دیگر اہل علم کی رائے یہی ہے کہ یہ گروہ غلو میں مبتلا
ہونے کی وجہ سے گمراہ ہے اور نہ صرف یہ کہ وہ خود اہل سنت والجماعت سے خارج
ہے بلکہ ان اصول کے انکار کی وجہ سے وہ خود دائرہ اسلام سے خارج ہو چکا ہے اور
دیگر سادہ لوح عوام کو بھی عذاب خداوندی میں دھکیل رہا ہے ۔ اسلئے ان لوگوں کے
ساتھ باہم مجالست رکھنے، ان کے ساتھ بحث و مباحثہ میں پڑنے اور ان کے ساتھ ۔
اختلاط کرنے سے بھی احتراز لازم ہے ۔ واللہ تعالی اعلم وعلمہ اتم

حمید الرحمن کان اللہ لہ
دارالافتاء جامعہ بنوریہ
۲۱ رشعبان المعظم ۱۴۲۸ھ

الجواب صحیح
[illegible]
دارالافتاء جامعہ بنوریہ
۲۲ رشعبان المعظم ۱۴۲۸ھ

دارالافتاء